## سوال

(199) رسالت محمدیہ میں نزول جسمانی ابن مریم علیہ السلام کی کیا ضرورت ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

اسلامی دوران یعنی رسالت محمدیہ میں نزول جسمانی ابن مریم علیہ السلام کی کیا ضرورت ہے ۔ بنی آدم پر تسلط شیطانی روحانی ہے جس کے دفعیہ کےلئے نزول مسیح بھی روحانی ہونا چاہیے ۔ مسیحوں کا خود عقیدہ ہے کہ مسیح کا نزول ثانی جلالی ہوگا ۔ (شیخ قاسم اورسیر)

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جتنے انبیاء علیہ السلام آئے ہیں ۔ وہ ایسے ہی اوقات میں آئے کہ شیطان کا لوگوں پر غلبہ تھا ۔ اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ ١٩ ۔ تو کیا انبیاء علیہ السلام کی پیدائش جسمانی تھی ۔ یا روحانی ۔ وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجًا وَذُرِّيَّةً ٣٨ مسیحوں کا عقیدہ جلالی کے معنی ہیں ۔ باحکومت ہمارا بھی یہی عقیدہ ہے ۔ بلکہ ہمارے زمانے کے غیر اصلی مسیح قادیانی کا بھی یہی عقیدہ ہے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

**جلد 2 ص 152**

محدث فتویٰ